# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 19 December-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۹؍دسمبر ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

### ::::::سرخیاں::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ مرکزی وزیرِ داخلہ امیت شاہ کے متنازعہ بیان پر پارلیمنٹ میں ہنگامہ آرائی؛ کانگریس پر گمراہی پھیلانے کا امیت شاہ الزام۔

☆ قانون ساز کونسل کے چیئرمین کے عہدے پر رام شندے کا بلا مقابلہ انتخاب یقینی۔

☆ ممبئی کے غار ہائے گھاراپوری جانے والی آبی کشتی اُلٹنے سے 13 افراد کی موت۔

☆ جالنہ میں سونوگرافی مشین فروخت کرنے والے تین افراد گرفتار۔

☆ ساہتیہ اکیڈمی کے سالانہ ایوارڈز کا اعلان؛ بزرگ نقاد سدھیر رَساڑ کو تنقیدی کتاب پر ایوارڈ۔

اور۔۔۔☆ کرکٹ کھلاڑی روی چندرن اَشون بین الاقوامی کرکٹ سے سبکدوش۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

مرکزی وزیرِ داخلہ امیت شاہ پر ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر سے متعلق قابلِ اعتراض بیان دینے کا الزام عائد کرتے ہوئے حزبِ اختلاف کی جانب سے کی گئی شدید ہنگامہ آرائی کے باعث پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کی کارروائی کل متاثر ہوئی۔ راجیہ سبھا میں پارلیمانی اُمور کے وزیر، کرین رِجیجو نے اور لوک سبھا میں وزیرِ مملکت برائے پارلیمانی اُمور ارجن میگھوال نے اس خصوص میں وضاحتیں پیش کرنے کی کوشش کی، تاہم دونوں جانب سے نعرے بازی کا سلسلہ جاری رہا، جس پر دونوں ایوانوں کی کارروائی ابتداء میں دو بجے تک اور بعد میں دن بھر کیلئے ملتوی کرنا پڑی۔

دریں اثناء، قائدِ حزبِ اختلاف ملک ارجن کھر گے نے اخباری کانفرنس طلب کر کے امیت شاہ کے مرکزی کابینہ سے اخراج کا مطالبہ کیا۔ جواب میں امیت شاہ نے بھی اطلاعی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے الزام عائد کیا کہ کانگریس پارٹی ان کے بیان کو سیاق وسباق سے ہٹ کر پیش کر کے عوام میں گمراہی پھیلا رہی ہے۔ انھوں نے ذرائع ابلاغ سے اپیل کی کہ ان کا مکمل بیان عوام کے سامنے رکھا جائے۔

***** ***** *****

’’ایک ملک، ایک انتخاب‘‘ سے متعلق بل کیلئے ایک مشترکہ پارلیمانی کمیٹی جے پی سی تشکیل دی گئی ہے۔ اس کمیٹی میں 31 ارکانِ پارلیمنٹ شامل ہیں، جن میں 21 لوک سبھا کے اور 10 راجیہ سبھا ارکان ہیں۔ یہ کمیٹی پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس کے دوران آخری ہفتے کے پہلے دِن اپنی رپورٹ پیش کرے گی۔

***** ***** *****

نکسل ازم کی سرکوبی کیلئے ''مہاراشٹر خصوصی تحفظِ عامہ بل 2024'' وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے کل اسمبلی میں پیش کیا۔انھوں نے بتایا کہ ریاست کی نکسل مخالف کارروائی کرنے والی خصوصی ٹیم کے مطالبے پر یہ بل لایا گیا ہے۔اس بل پر مکمل بحث کیلئے اسے خصوصی مشترکہ کمیٹی کوارسال کرنے کی سفارش بھی وزیرِ اعلیٰ نے کی۔

***** ***** *****

اشیاء وخدمات ٹیکس (GST) کے 2017 تا2020 ان تین مالی سالوں کے دوران سود یا جرمانہ یا دونوں ہی معاف کرنے کیلئے ریاستی حکومت نے ابھئے یوجنا شروع کی ہے۔ 31 مارچ 2025 یہ جرمانہ بھرنے کی آخری تاریخ ہے۔ نائب وزیرِ اعلیٰ اجیت پوار نے کہا ہے کہ متعلقہ تاجر اس اسکیم سے استفادہ کریں۔ وہ کل قانون ساز اسمبلی سے مخاطب تھے۔اس مد میں متنازعہ رقم 54 ہزار کروڑ روپئے ہے۔

اسی دوران کل اسمبلی میں یونیورسٹی اصلاحات بل، جی ایس ٹی ترمیمی بل اور اسٹیمپ ڈیوٹی میں اضافے کو صوتی رائے دہی کے ذریعے منظور کرلیا گیا۔

***** ***** *****

پربھنی اور بیڑ کے پُر تشدد واقعات پر کل اسمبلی میں بحث کا آغاز ہوا۔کانگریس کے نتن راوت نے اس مباحثے کا آغاز کیا اور سوال اٹھایا کہ پربھنی میں پیش آئی واردات کے بعد سفاکانہ زدوکوب کرنے والے پولس ملازمین کے خلاف کارروائی کب کی جائے گی؟ قیامِ امن کی کوششوں میں مصروف افراد کے خلاف بھی مقدمات درج کیے جانے کی سمت انھوں نے توجہ مبذول کروائی۔ پولس تحویل میں ہلاک ہونے والے سومناتھ سوریہ ونشی کے اہلِ خانہ کو 50 لاکھ روپئے کی امداد اور سرکاری ملازمت دیئے جانے کا مطالبہ راوت نے کیا۔ان تمام معاملات کی تحقیقات خصوصی جانچ ٹیم یا سی آئی ڈی کے ذریعے کروانے کا مطالبہ بھی انھوں نے کیا۔

دریں اثناء سنتوش دیشمکھ کے قتل میں ملوث ہونے کے الزام میں پولس کی جانب سے ایک ملزم وشنو چاٹے کو گرفتار کیے جانے کی اطلاع ذرائع نے دی ہے۔

***** ***** *****

مراٹھواڑہ گریجویٹس حلقے کے رکنِ اسمبلی ستیش چوہان نے مطالبہ کیا ہے کہ مہاراشٹر پبلک سروس کمیشن کے تحت مہاراشٹر اسٹیبلشمنٹ افسران کے انتخاب کیلئے منعقدہ مرکزی امتحانات کے نتائج فوری ظاہر کیے جائیں۔کل قانون ساز کونسل سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ اسٹیبلشمنٹ خدمات کی 495 آسامیوں کیلئے 28 جنوری 2024 کو امتحان منعقد ہوئے تھے، تاہم اس کا نتیجہ ہنوز ظاہر نہیں کیا گیا۔

***** ***** *****

ریاستی قانون ساز کونسل کے چیئر مین کے عہدے کیلئے مہایوتی کے پروفیسر رام شندے کا بلا مقابلہ انتخاب تقریباً طے ہے۔اس عہدے کیلئے آج انتخاب ہونا تھا۔ تاہم کل درخواست دہی کے آخری دن صرف رام شندے کی ہی نامزدگی موصول ہوئی۔ان کے علاوہ کسی نے بھی اپنے کاغذات داخل نہیں کیے، اس لیے ان کا بلا مقابلہ انتخاب یقینی ہے۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

ممبئی میں گیٹ وے آف انڈیا سے غارہائے گھارا پوری جانے والی آبی کشتی کو اُرن سے قریب پیش آئے حادثے میں 13 افراد کی موت واقع ہوگئی۔مہلوکین میں 10 شہری اور بحریے کے تین اہلکار شامل ہیں۔مہلوکین کے ورثاء کو وزیرِ اعلیٰ امدادی فنڈ سے پانچ لاکھ روپئے امداد کا اعلان وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے کیا ہے۔انھوں نے کہا کہ اس حادثے کی بحریہ اور ریاستی حکومت کے ذریعے جانچ کروائی جائے گی۔اسی دوران وزیرِ اعظم قومی باز آبادکاری وامدادی فنڈ سے مہلوکین کو دو۔ دو لاکھ روپئے امداد دینے کا اعلان وزیرِ اعظم نریندر مودی نے بھی کیا ہے۔

***** ***** *****

جالنہ میں عنبڑ چوراہے سے قریب سونوگرافی کی مشین فروخت کرنے والے تین افراد کو پولس اور محکمہ صحت عامہ کی ٹیم نے کل گرفتار کرلیا۔ رجسٹرڈ ریڈیالاجسٹ ہی اس قسم کی مشین استعمال کرسکتے ہیں۔ گرفتار شدہ تین ملزمان میں سے ایک ملزم کا تعلق بیڑ میں غیر قانونی اسقاطِ حمل کے معاملے میں گرفتار ڈاکٹر ستیش گوارے سے بتایا جاتا ہے۔

***** ***** *****

ساہتیہ اکیڈمی کے سالانہ ایوارڈز کا اعلان کردیا گیا ہے۔ آٹھ شعری مجموعوں، تین ناول، دو کہانیوں کے مجموعے، تین مضامین، تین تنقیدی کتب، ایک ڈرامہ اور ایک تحقیقی کتاب اس طرح مجموعی طور پر 21 ادبی شہ پاروں کیلئے اعزاز دیئے جائیں گے۔ شیلڈ، سپاسنامے اور ایک لاکھ روپئے نقد پر مشتمل یہ ایوارڈ 8 مارچ 2025 کو نئی دہلی میں ایک پُر وقار تقریب میں تفویض کیے جائیں گے۔ چھترپتی سمبھاجی نگر کے مراٹھی ادب کے بزرگ نقاد ڈاکٹر سدھیر رَساڑ کو ان کے تنقیدی جائزے کیلئے یہ ایوارڈ دیا جارہا ہے۔ وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے بھی اس ایوارڈ پر رَساڑ کو مبارکباد دی ہے۔

***** ***** *****

کرکٹ کھلاڑی آل راؤنڈر روی چندرن اشون نے بین الاقوامی کرکٹ سے سبکدوشی کا اعلان کردیا ہے۔ کل آسٹریلیاء کے برسبین میں منعقدہ ایک اخباری کانفرنس میں اشون نے یہ اعلان کیا۔ آسٹریلیاء میں جاری بارڈر۔ گاوسکر کرکٹ سیریز کے پہلے میچ میں اشون نے 53 رن دیکر ایک وکٹ حاصل کیا تھا۔ 6 نومبر 2011 میں نئی دہلی میں ویسٹ انڈیز کے خلاف اشون نے اپنا پہلا ٹسٹ میچ کھیلا تھا۔ انھوں نے کُل 106 ٹسٹ کھیلے اور 537 وکٹ لیے۔ انیل کمبلے کے بعد سب سے زیادہ وِکٹ لینے والے وہ دوسرے بھارتی گیند باز ہیں۔ انھوں نے چھ ٹسٹ سنچریاں اور 14 نصف سنچریاں بھی اسکور کیں۔

اس کے علاوہ ایک روزہ بین الاقوامی میچوں میں انھوں نے 156 اور ٹی ٹوئنٹی میچوں میں 72 وکٹ حاصل کیے۔ 300 ٹسٹ وکٹ اور تین ہزار رن بنانے والے آل راؤنڈرز کی فہرست میں اشون نے گیارہواں مقام حاصل کیا۔ 11 مرتبہ مین آف دی میچ حاصل کرکے اشون نے سری لنکا کے متھیا مرلی دھرن کے ریکارڈ کی برابری کی ہے۔ بین الاقوامی کرکٹ سے سبکدوش ہونے کے باوجود اشون نے کمرشیل کرکٹ کھیلتے رہنے کا اعلان کیا ہے۔

دریں اثناء بارڈر۔ گاوسکر سیریز کا تیسرا ٹسٹ میچ کل بغیر کسی نتیجے کے ختم ہوا۔ پانچ میچوں کی سیریز میں دونوں ٹیمیں ایک ایک کی برابری پر ہیں۔ سیریز کا چوتھا ٹسٹ میچ 26 تاریخ سے ملبیرن میں کھیلا جائے گا۔

***** ***** *****

پربھنی میں پُرتشدد واقعات کے دوران ہوئے نقصانات کے سلسلے میں کسی بھی ابتدائی رپورٹ کے بغیر پنچنامے کرکے معاوضہ ادا کرنے اور شہریوں کی شکایت پر تین پولس افسران کو فوری جبری رُخصت پر بھیجنے کا حکم ریاستی درجِ فہرست ذاتوں اور قبائل کے کمیشن کے چیئرمین اور ماہرِ قانون دھرم پال میشرام نے دیا ہے۔ وہ کل پربھنی میں ایک اخباری کانفرنس سے خطاب کررہے تھے۔

***** ***** *****

:::::سرخیاں:::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ مرکزی وزیرِ داخلہ امیت شاہ کے متنازعہ بیان پر پارلیمنٹ میں ہنگامہ آرائی؛ کانگریس پر گمراہی پھیلانے کا امیت شاہ الزام۔

☆ قانون ساز کونسل کے چیئرمین کے عہدے پر رام شندے کا بلا مقابلہ انتخاب یقینی۔

☆ ممبئی کے غار ہائے گھاراپوری جانے والی آبی کشتی اُلٹنے سے 13 افراد کی موت۔

☆ جالنہ میں سونوگرافی مشین فروخت کرنے والے تین افراد گرفتار۔

☆ ساہتیہ اکیڈمی کے سالانہ ایوارڈز کا اعلان؛ بزرگ نقاد سدھیر رَساڑ کو تنقیدی کتاب پر ایوارڈ۔

اور۔۔۔☆ کرکٹ کھلاڑی روی چندرن اَشون بین الاقوامی کرکٹ سے سبکدوش۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل' پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****